© rasailojaraid.com



| دوسرا کالم | پہلا کالم |
| --- | --- |
| ال حمد۔ ل۔ اللہ۔ رب۔ ال عالمین | الحمد للہ رب العلمین |
| ساری تعریف لئے۔ اللہ۔ پالنے والا سارے جہان کا | سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پالنے والا ہے سارے جہان کا |

اس طرح دو کالموں میں ترجمہ لکھنے کے بعد الفاظ کی الگ تفسیر اور آیت کا مفہوم و مطلب اور اس کے احکام کا بیان ہے۔ اس تمام پرچہ میں شروع سے آخر تک ان باتوں کا التزام کیا گیا ہے۔ زبان بجائے ادق اور مشکل ہونے کے آسان اور عام فہم ہے جس کی وجہ سے متوسط درجہ کے اردو خواں بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں تعلیم قرآن کی اشاعت کے سلسلہ میں یہ ایک مستحسن کوشش ہے اور مسلمان اگر چاہیں تو اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

**بیماری سے بچو** از محمد حسین صاحب احسان تقطیع خورد ضخامت ۲۷ صفحات۔ کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۵ ریتہ:۔ مکتبہ جامعہ قرول باغ دہلی۔

تعلیم بالغان کے سلسلہ میں ضروری اور مفید معلومات عامہ پر جامعہ کی طرف سے جو رسالے اور ٹریکٹ شائع ہوتے رہتے ہیں۔ یہ رسالہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں متعدی بیماریوں، ہیضہ طاعون، سل اور چیچک وغیرہ کا بیان ہے۔ مکالمہ کے انداز میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ بیماریاں کیونکر پیدا ہوتی ہیں۔ ان کے اثرات اور علامات کیا ہیں۔ اور ان سے کس طرح اپنے گھر کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ رسالہ بچوں، بچیوں، بوڑھوں اور جوانوں ہر ایک کے لئے مفید اور لائق مطالعہ ہے۔

---



© rasailojaraid.com